**تاریخی دستاویزات کے مطابق حرم امام رضا(ع) میں تعلقات عامہ کے غیرسرکاری ڈھانچے کا آغاز ۱۹۲۱ عیسوی میں ہوا، باقاعدہ طور پر ایک سیسٹم تشکیل پانے اور رہبران اور حاکمانِ وقت کی جانب سے متولیوں اور نائب متولیوں کی تقرری کے ساتھ آہستہ آہستہ توسیع و ترقی ہوئی اور زائرین کی روزمرہ بڑھتی ہوئی تعداد اوران کو دی جانے والی ضروری خدمات اور ان تمام معاملات کو منظم کرنے کے لئے اس سیسٹم کے تحت رپورٹ نویسی کا کام انجام دیا جاتا تھا، حتی بعض ادوار میں سیکرٹری کے عہدے پر فائز افراد متولیوں اور نائب متولیوں سے متعلق واقعات کی رپورٹس لکھنے کے عہدے پر بھی فائز رہے ہیں۔**
**۱۹۵۱ کی دہائی میں حرم امام رضا(ع) کا سیکرٹریٹ جسے ''دارالانشاء'' کہا جاتا تھا نائب متولی کے طور پر حرم امام رضا(ع) کے تمام امور اور خط وکتابت کے فرائض انجام دیتا تھا، پہلی بار ۱۹۶۸ عیسوی میں حرم امام رضا(ع) کے اداری سیسٹم کے چارٹ میں بنیادی تبدیلیاں کی گئیں اور ادارہ مالی و انتظامی امور کے تحت شعبہ تعلقات عامہ کو تشکیل دیا گیا۔**
**انقلاب اسلامی کی فتح کے بعد بالترتیب ادارہ تعلقات عامہ اور ادارہ تعلقات عامہ کا جنرل شعبہ تشکیل دیا گیا اور ۲۰۱۶ میں میڈیا کا عنوان بھی ساتھ میں اضافہ کیا گیا جس کے بعد کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سینٹر کا قیام عمل میں لایا گیا۔**
**اس وقت حرم امام رضا(ع) کے قائم مقام کے تحت کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سینٹر جو کہ حرم امام رضا(ع) کے مرکزی ہیڈکوارٹر کے ستونوں میں سے ایک اہم ستون کے طور پر فرائض انجام دے رہا ہے۔**

## دوسری فصل: پالیسیاں

حرم امام رضا(ع) کی میکرو پالیسیوں کی تیسری اصل کا موضوع عوام اور ذرائع ابلاغ کے درمیان دو طرفہ تعامل کو فروغ دینے اور حرم امام رضا(ع) کے عوامی امیج کو بہتر بنانے پر مرکوز ہے، مختلف موضوعات جن میں حرم امام رضا(ع) سے وابستہ مجموعے آستان قدس رضوی کو ایک امن، کارامد، فلاحی، عوامی، جواب دہ، نذر و منت پر مبنی، منظم، تنظیمی کارکردگی اور معلومات میں زیادہ سے زیادہ شفافیت والے مجموعے کے طور پر متعارف کرانا اور علمی وثقافتی پیغامات کی ترسیل کے مقصد سے ضروری تبلیغاتی اور اشتہاراتی پلیٹ فارم فراہم کرنے کے ساتھ لوگوں، اور مختلف طبقات اور نظریات کے حامل افراد کے درمیان دو طرفہ گفتگو اور مکالمے کے لئے پلیٹ فارم تیار کرنا اور حرم امام رضا(ع) سے وابستہ مجموعے آستان قدس رضوی کے عوامی امیج کو بہتر بنانے جیسے جملہ موضوعات ہیں جن کے بارے میں اس اصل کے تحت تاکید کی گئی ہے۔

## تیسری فصل: اہداف و مقاصد

حرم امام رضا(ع) کی میکرو پالیسیوں کی بنیاد پر حرم امام رضا(ع) سے وابستہ مجموعے آستان قدس رضوی کے کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سینٹر کے چار بنیادی اہداف و مقاصد ہیں؛

- سماجی سرمایے میں اضافہ اور آستان قدس رضوی کے عوامی امیج کو بہتر بنانا
- قرآن و اہلبیت(ع) بالخصوص حضرت امام علی رضا(ع) کی تعلیمات کو فروغ دینا
- ملک میں عوامی سطح پر حرم امام رضا(ع) میں زیر غور مسائل کا جائزہ اور تبین و ترویج
- رائے عامہ کی نگرانی و تجزیہ اور حرم امام رضا(ع) کے سامعین کے ساتھ دو طرفہ تعامل اور روابط

## چوتھی فصل: سرگرمیوں کا دائرہ کار

آستان قدس رضوی کے کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سینٹر کے اہم کاموں اور سرگرمیوں کو چند حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؛

### «جہاد بیان»

حرم امام رضا(ع) سے وابستہ مجموعہ آستان قدس رضوی کو دشمن میڈیا کی طرف سے شدید حملوں کا سامنا رہا ہے، اس لئے اس نورانی بارگاہ کے مقدس مجموعے کی خدمات کے بارے میں آگاہ کرنا اور دشمن میڈیا کے حملوں سے نمٹنا؛ کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سینٹر کی سنجیدہ ترجیحات میں سے ایک ہے۔
حرم امام رضا(ع) کی مختلف تقریبات اور پروگراموں کی کوریج، مختلف شعبوں کی خدمات سے متعلق آگاہی دینا، بڑے منصوبوں کے لئے میڈیا کوریج اور مختلف حملوں سے نمٹنے کے لئے میڈیا کا سہارا لینا جملہ چند ایسے موضوعات ہیں جنہیں مختلف میڈیا فارمیٹس کے ذریعہ استعمال میں لایا جاتا ہے۔

